گنبد خضرا اور کعبہ شریف میں سے افضل کون؟

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2129

تاریخ اجراء: 13 ربیع الثانی 1445ھ /29 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا گنبد خضراء، کعبہ شریف سے بھی افضل ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

کعبہ شریف، گنبد خضرا سے افضل ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ:

تُربت اطہر یعنی وہ زمین کہ جسم انور سے متصل ہے کعبہ معظمہ بلکہ عرش سے بھی افضل ہے۔ باقی مزار شریف کا بالائی (اوپر والا) حصہ اس میں داخل نہیں۔ اور کعبہ معظمہ، مدینہ طیبہ سے افضل ہے۔ لہذا تربت اطہر کے علاوہ جتنا حصہ ہے بشمول گنبد خضراء، اس سب سے کعبہ معظمہ افضل ہے۔

علامہ علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”أن ابن عمر وجابرا يشهدان أن رسول الله صلى الله عليه وسلم سأل الناس: («أي بلد أعظم حرمة»؟) فأجابوا بأنه مكة. وهذا إجماع من الصحابة أنها أفضل البلاد، وأقرهم عليه السلام، هذا ونقل القاضي عياض وغيره الإجماع على تفضيل ما ضم الأعضاء الشريفة حتى على الكعبة المنيفة، وأن الخلاف فيما عداه. ونقل عن أبي عقيل الحنبلي أن تلك البقعة أفضل من العرش“ ترجمہ: حضرت ابن عمر اور جابر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے پوچھا کونسا شہر افضل ہے؟ انہوں نے جواب دیا: مکہ۔ اور یہ صحابہ کی طرف سے اجماع ہے کہ مکہ افضل البلاد ہے اور حضور علیہ السلام نے انہیں اس پر بر قرار رکھا، اور قاضی عیاض وغیرہ نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ وہ حصہ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضاء شریف سے ملا ہوا ہے وہ کعبہ معظمہ سے افضل ہے خلاف اس کے علاوہ میں ہے، اور ابی عقیل سے اس پر اجماع منقول ہے کہ وہ حصہ عرش سے بھی افضل ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، ج2، ص588، دارالفکر، بیروت)

اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے ارشاد فرمایا: ”تُربت اطہر یعنی وہ زمین کہ جسم انور سے متصل

ہے کعبہ معظمہ بلکہ عرش سے بھی افضل ہے"صرح بہ عقیل الحنبلی وتلقاہ العلماء بالقبول"(یعنی اس کی ابو عقیل حنبلی نے تصریح کی اور تمام علماء نے اسے قبول کیا۔)باقی مزار شریف کا بالائی حصہ اس میں داخل نہیں، کعبہ معظمہ، مدینہ طیبہ سے افضل ہے۔(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ710، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net